فوری ریلیز کے لیے: 13/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے نظر انداز شہریوں کے لیے نشے کی لت سے متعلق خدمات کو وسعت دینے کے لیے 10.25$ ملین کا اعلان کیا

پوری ریاست نیو یارک میں موبائل یونٹس کی تیاری کی معاونت کے لیے وفاقی فنڈنگ

یہ فنڈنگ نیویارک سٹی، جنوبی سلسلے اور موہوک ویلی میں اسٹریٹ آؤٹ ریچ سروسز کی معاونت کے لیے 15 فراہم کنندگان کو بھی فعال کرے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج پورے نیویارک میں پسماندہ اور زیادہ خطرے والی آبادیوں کے لیے نقصان میں کمی کی خدمات کو تقویت دینے کے لیے 10.25$ ملین کی وفاقی فنڈنگ کا اعلان کیا۔ ریاست نیو یارک کے نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کے زیر انتظام، موبائل میڈیکیشن یونٹس کی تیاری کے لیے 5.75$ ملین مختص کیے گئے ہیں؛ اور 4.5$ ملین 15 فراہم کنندگان کو نگہداشت تک رسائی میں دشواری کا سامنا کرنے والی مصروف آبادیوں کے لیے اسٹریٹ آؤٹ ریچ یونٹس قائم کرنے میں مدد کے لیے فراہم جا رہا ہے۔

"میری انتظامیہ نشے سے متاثر ہونے والے افراد کی مدد کرنے اور ہماری ریاست بھر کی کمیونٹیز میں اوور ڈوزز سے پہنچنے والے افسوسناک نقصان سے نمٹنے کے لیے ہمارے اختیار میں موجود ہر ٹول کا استعمال جاری رکھے گی۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "آج اعلان کردہ 10.25$ ملین ان انتہائی اہم خدمات کو فنڈ کرنے کے کام آئیں گے اور نیو یارک کے شہریوں کو نشے کے خوفناک جال کو توڑنے کے لیے درکار معاونت اور وسائل سے مربوط ہونے میں مدد دیں گے۔"

ریاست نیو یارک کے نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا، "ہر فرد کے اپنی بحالی سے متعلق مختلف ضروریات اور اہداف ہوتے ہیں، اور OASAS میں، وہ جہاں بھی ہوں ہم ان سے ملاقات کے لیے پرعزم ہیں اور ہم انہیں اپنے اہداف تک پہنچنے کے لیے درکار ہر مدد پیش کرتے ہیں۔ یہ نئے موبائل میڈیکیشن یونٹس اور اسٹریٹ آؤٹ ریچ کی کوششیں زیادہ خطرے والی آبادیوں کے ساتھ رابطہ قائم کرنے، زیادہ سے زیادہ لوگوں کو شامل کرنے اور انہیں زندگی بچانے والی امداد اور مدد سے منسلک کرنے میں ہماری مدد کریں گے۔"

<u>موبائل میڈیکیشن یونٹس</u>

تمام موبائل یونٹ ہسپتال میں داخل کیے جانے کے حوالے سے جائزے اور ادویات دینے، ادویات استعمال کروانے اور مشاہدہ کرنے، ٹاکسکالوجی ٹیسٹس اور دیگر طبی خدمات پیش کریں گے۔ موبائل میڈیکیشن یونٹس کی تیاری امریکی ڈرگ انفورسمنٹ ایڈمنسٹریشن کے اصول میں تبدیلی کی وجہ سے ممکن ہوئی، جس سے موجودہ علاج فراہم کنندگان کو انہیں چلانے کی اجازت دی گئی۔

ان یونٹس کے لیے یہ فنڈنگ فیڈرل اسٹیٹ اوپیوئیڈ ریسپانس گرانٹ کے ذریعے فراہم کی گئی تھی، جس کا انتظام ریسرچ فاؤنڈیشن فار مینٹل ہائیجین اور OASAS مشترکہ طور پر چلاتے ہیں۔ درج ذیل فراہم کنندگان میں سے ہر ایک کو موبائل میڈیکیشن یونٹس قائم کرنے کے لیے 550,000$ دیے جائیں گے۔

نیو یارک سٹی

- PROMESA, Inc. (برونکس)
- PROMESA, Inc. (کنگز)
- West Midtown Management Group, Inc., DBA West Midtown Medical Group

مغربی NY

- PROMESA, Inc. (چوٹوقوا)
- PROMESA, Inc. (ایری)

مڈ-ہڈسن

- کارنر اسٹون فیملی ہیلتھ کیئر

درج ذیل فراہم کنندگان کو موبائل میڈیکیشن یونٹس کی جاری تیاری کی معاونت کے لیے 350,000$ ملیں گے۔ ان فراہم کنندگان کو اس اقدام کے لیے اس سال کے شروع میں پہلے ہی 200,000$ کی منظوری دی جا چکی ہے۔

دارالحکومت کا علاقہ

- PROMESA, Inc.

مرکزی NY

- Helio Health, Inc.

فنگر لیکس

- اسٹرانگ میموریل ہسپتال

موہاک ویلی

- Helio Health, Inc.

نیو یارک سٹی

- Vocational Instruction Project (VIP) Community Services, Inc.

نارتھ کنٹری

- Credo Community Center for the Treatment of Addictions, Inc.

جنوبی سلسلہ

- Ithaca Alpha House Center Inc. DBA Cayuga Addiction Recovery Services

مغربی NY

- BestSelf Behavioral Health, Inc.

اسٹریٹ لیول آؤٹ ریچ

موبائل یونٹس کے علاوہ، نیو یارک سٹی کے ہارلم، ویسٹ مڈ ٹاؤن، لوئر ایسٹ سائڈ اور برونکس کے محلوں کے ساتھ ساتھ جنوبی سلسلے اور موؤہوک ویلی کے علاقے میں بھی کمیونٹیز میں نقصان کم کرنے کی خدمات کو بڑھانے اور بہتر بنانے کے لیے وفاقی فنڈنگ کو استعمال کیا جائے گا۔ اس کاوش کے ذریعے، آؤٹ ریچ ورکرز ان علاقوں کا دورہ کریں گے جہاں زیادہ خطرے والی آبادیاں جمع ہوتی ہیں — جیسے پارکس اور بے گھر ہونے کا سامنا کرنے والے لوگوں کے کیمپ — تاکہ اوور ڈوز کی روک تھام اور معلومات، نالوکسون ڈسپنسنگ اور تجویز کرنے، محفوظ جنسی تعلقات اور جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن کے انتظام کے بارے میں تعلیم، اور دیگر خدمات کے ساتھ رابطہ، فراہم کیے جا سکیں۔

یہ اقدام OASAS کی پوری ریاست نیو یارک میں جاری نقصان کم کرنے کی خدمات کو بڑھانے کا حصہ ہے۔ نقصان میں کمی میں شامل ہیں اوپیوئیڈ استعمال کے عارضے اور دیگر طبی خدمات کے لیے ادویات تک آسان رسائی، ہم عصر افراد کی معاونت کی خدمات اور دیگر خدمات کے حوالے کے ذریعے رابطہ کروایا جانا، جیسے کہ نگہداشت جاری رکھنے کے لیےفالو اپ دورے کیے جانا۔

آؤٹ ریچ کی اس کاوش کے لیے فنڈنگ فیڈرل سبسٹنس ابیوز پریونشن اینڈ ٹریٹمنٹ بلاک گرانٹ کے ذریعے فراہم کی گئی۔ ایک مقام پر کام کرنے والے فراہم کنندگان کو $250,000 تک دیے جا رہے ہیں، جب کہ دو مقامات پر کام کرنے والے فراہم کنندگان کو $400,000 تک دیے جا رہے ہیں۔

<u>ایک مقام پر کام کرنے والے فراہم کنندگان میں شامل ہیں:</u>

نیو یارک سٹی

- Promesa Inc.
- Health !BOOM
- Bowery Residents Committee, Inc.
- نیشنل ہارم ریڈکشن کولیشن
- اپر مین ہیٹن مینٹل ہیلتھ سینٹر
- ہاؤسنگ ورکس
- اوڈیسی ہاؤس
- سماریٹن ڈے ٹاپ ویلج
- سینٹ اینز کارنر آف ہارم ریڈکشن
- Vocational Instruction Project Community Services, Inc.

<u>دو مقامات پر کام کرنے والے فراہم کنندگان میں شامل ہیں:</u>

نیو یارک سٹی

- Exponents, Inc.
- ہارلیم یونائیٹڈ کمیونٹی ایڈز سینٹر
- آن پوائنٹ NYC
- Services for the Underserved, Inc.

جنوبی سلسلہ/موؤہوک ویلی

- The REACH Project, Inc.

سینیٹر Charles E. Schumer نے کہا، "نیویارک اوپیوئیڈ بحران کی صف اول میں ہے، اور یہ فنڈنگ دیکھ بھال تک رسائی کو بڑھا کر، لوگوں کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کے لیے درکار سہارا دے کر اور جانیں بچا کر اس وباء پر قابو پائے گی۔ ہمیں ایک ایسی سوچ کی ضرورت ہے جس میں سب کچھ شامل ہوں: منشیات سے لڑنے کے لیے مزید پابندیاں، روک تھام، علاج اور بحالی اور نشے کی لت کا شکار افراد کی زیادہ مؤثر طریقے سے مدد کرنا۔ یہ

وجہ ہے کہ مجھے آج یہ فنڈ فراہم کرنے پر فخر ہے - اور اس ہی لیے میں نے COVID ریلیف بلوں میں نشے سے بچاؤ کی خدمات کے لیے تاریخی اضافے کے لیے جدوجہد کی، اور اس ہی وجہ سے میں نیویارک کو اس فینٹینیل پر مبنی اوپیوئیڈ بحران سے جنگ میں درکار تمام وسائل فراہم کرنے کے لیے ان وفاقی پروگراموں میں اضافے کے لیے جدوجہد کرتا رہوں گا۔"

نمائندہ Paul Tonko نے کہا، "کئی سالوں سے، اوور ڈوز کی وباء کے خلاف امریکہ کے ردعمل میں ایک اہم عنصر غائب ہے: وہ ہے علاج تک وسیع رسائی۔ میں نے انتہائی لازمی قانون سازی کے ذریعے محروم اور پسماندہ آبادیوں تک رسائی کے دروازے کھولنے کے لیے طویل جدوجہد کی ہے، جس میں میرے مین اسٹریمنگ ایڈکشن ٹریٹمنٹ ایکٹ اور میڈیک ایڈ ری اینٹری ایکٹ کے ساتھ ساتھ فیڈرل سبسٹنس ابیوز پریوینشن اینڈ ٹریٹمنٹ بلاک گرانٹ کے لیے فنڈنگ کے لیے دباؤ کے لیے قیادت کرنا شامل ہیں۔ اگرچہ علاج کو بہتر بنانے اور نقصان کو کم کرنے کے اقدامات کی معاونت کے لیے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، مجھے اس کام پر فخر ہے اور میں ہماری نیویارک کی کمیونٹیز کو جان بچانے والا علاج فراہم کرنے میں شامل تمام لوگوں کا شکر گزار ہوں۔"

ریاست نیو یارک نے اوور ڈوز کی وباء سے نمٹنے کے لیے ایک جارحانہ، کثیر الجہتی طریقہ کار قائم کیا ہے اور مکمل روک تھام، علاج، بحالی اور نقصان کو کم کرنے کی خدمات کے ساتھ نشے کی دیکھ بھال کا ملک بھر میں سب سے بہترین تسلسل قائم کیا ہے۔ ریاست نے روایتی خدمات بشمول بحرانی خدمات، شعبہ اندرونی مریضان،شعبہ بیرونی مریضان اور رہائش والے علاج کے پروگراموں کے ساتھ ساتھ نشے کے علاج کے لیے ادویات اور موبائل علاج اور آمد و رفت کی خدمات تک رسائی کو بڑھانے کے لیے کام کیا ہے۔

گورنر Hochul ریاست نیو یارک ہیروئن اور اوپیائڈ ٹاسک فورس کی رکن تھیں جس نے 2016 میں نئی، غیر روایتی خدمات کی تجویز کی، بشمول بحالی کے مراکز، یوتھ کلب ہاؤسز، ہم مرتبہ افراد کی توسیع شدہ خدمات اور عام رسائی کے مراکز، جو فوری تشخیص اور دیکھ بھال کے لیے حوالہ جات فراہم کرتے ہیں۔ یہ خدمات اب ریاست بھر کی کمیونٹیز میں موجود ہیں اور اس نے نیویارک کے ضرورتمند باشندوں کو ان کی رہائش کے قریب دیکھ بھال کی رسائی حاصل کرنے میں مدد کی ہے۔

نیویارک کے وہ مکین جنہیں نشے کی لت لگی ہوئی ہے، یا جن کے پیارے اس مصیبت میں گرفتار ہیں، ریاست کی ٹول فری، 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن کی HOPEline پر 1-877-8-HOPENY یعنی (1-877-846-7369) پر کال کر کے یا HOPENY (مختصر کوڈ 467369) پر ٹیکسٹ بھیج کر مدد اور امید حاصل کر سکتے ہیں۔

نشے کے دستیاب علاج بشمول بحران/ڈیٹاکس، شعبہ اندرونی مریضان، رہائشی یا شعبہ اندرونی مریضان کی دیکھ بھال NYS OASAS ٹریٹمنٹ اویل ایبلٹی ڈیش بورڈ استعمال کرتے ہوئے FindAddictionTreatment.ny پر یا NYS OASAS ویب سائٹ پر مل سکتی ہے۔

اگر آپ کو یا آپ کے کسی عزیز کو علاج سے متعلق بیمے کی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہو یا انکار شدہ دعوے کے لیے اپیل دائر کرنے میں مدد کی ضرورت ہو تو فون پر CHAMP ہیلپ لائن سے 888-614-5400 پر رابطہ کریں یا ای میل بھیجیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418